لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء جلد ۳۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت بابو لاڈلے بہاری لال صاحب	[illegible]
۲	[illegible]	[illegible]
۳	[illegible]	[illegible]
۴	[illegible]	[illegible]
۵	[illegible]	[illegible]
۶	[illegible]	[illegible]
۷	[illegible]	[illegible]
۸	[illegible]	[illegible]
۹	[illegible]	[illegible]
۱۰	[illegible]	[illegible]
۱۱	[illegible]	[illegible]
۱۲	[illegible]	[illegible]
۱۳	[illegible]	[illegible]
۱۴	[illegible]	[illegible]
۱۵	[illegible]	[illegible]
۱۶	[illegible]	[illegible]
۱۷	[illegible]	[illegible]
۱۸	[illegible]	[illegible]
۱۹	[illegible]	[illegible]

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۷ء

دربارہ منظوری رخصت رعایتی مزید بابو لاڈلے بہاری لال بی اے ٹیچر ہائی اسکول با نتظام موجودہ۔

ایک ماہ کی مزید رخصت رعایتی با نتظام موجودہ منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام کاغذات واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

میر سامانہ

جنابِ عالی

بابو لالہ وِلے بہاری لال بی اے ٹیچر ہائی اسکول نے آنکھ کے علاج کے لئے رخصت حاصل کی تھی اب نامبردہ مزید رخصت رعایتی ایک ماہ کی ۹ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے استدعا کرتے ہیں اور ڈاکٹر کا سارٹیفکٹ شامل درخواست ہے۔ ماسٹر آزاد بہاری لال کی جگہ عارضی طور پر سید مسعود احمد بی اے چھپتر روپیہ ماہوار پر ملازم رکھ لئے گئے ہیں بہ نسبت ترقیخواہ ماسٹر لالہ وِلے بہاری لال کی رخصت ایک ماہ ۹ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے رعایتی مع تنخواہ قابل منظوری ہے۔ اور آنکی جگہ بدستور سید مسعود احمد بی اے چھپتر روپیہ ماہوار پر کام کرتے رہیں گے۔ عرضداشت ہذا بامید صدورِ حکم ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

رخصت

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت چھ روز من ابتداء ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء و اجازت تعطیل ۱۳ و ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء صاحبزادہ سید ولی مظفر خانصاحب بہادر اسپشل مجسٹریٹ درجہ اول بغرض جانے گاؤں۔

بموجب رپورٹ چھ روز کی رخصت منظور ہے۔ اور ایام تعطیلات ۱۳ و ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء گاؤں جانیکی اجازت دیجاتی ہے۔ کاغذات صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں صاحب مجسٹریٹ ضلع کام کا انتظام کر دینگے۔ ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادل

۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس در بارہ عطائے منظوری تجویز تبادلہ سب انسپکٹران انچارج مفصلہ تحت بنظر اسلوبی کار سرکار۔

خانصاحب سعادت علیخان سب انسپکٹر ٹانڈہ سے۔ ملک

عبد الصمد سب انسپکٹر ملک سے۔ ٹانڈہ

اشفاق النبی خان سب انسپکٹر سوار سے۔ کیمری

امجد علیخان سب انسپکٹر بلاسپور سے۔ سوار

محی الدینخان سب انسپکٹر کیمری سے۔ بلاسپور بکار انچارجی

حکم

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس سب انسپکٹران افسران انچارج مندرجہ نوٹ کا تبادلہ بصراحت نوٹ منظور ہے۔ بحالت تبادلہ اپنی اپنی تنخواہ پائینگے۔ احکام جاری ہو کر اصل ہذا بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس در بارہ عطائے منظوری اضافہ پانچ روپیہ ماہوار بہ تنخواہ موجودہ پندرہ روپیہ سے محمود علی ہیڈ محرر بوجہ ہونے ملازم سال سنہ ۱۸۹۵ء و کرنے اچھا کام بسلسلہ تنزل فراست حسین ہیڈ کانسٹبل۔

حکم

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس پانچ روپیہ ماہوار جو فراست حسین ہیڈ کانسٹبل کے تنزل ہوئے ہیں وہ محمود علی ہیڈ محرر مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں اضافہ ہو کر بیس روپیہ ماہوار تنخواہ کیجائے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حسب پیشی تحریر صاحب میڈیکل افسر رخصت دس یوم ڈاکٹر ایشور ناتھ سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ بلاسپور یکم فروری سنہ ۱۹۲۶ء سے

بوجہ شادی دختر منظور کی گئی —

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۶ر جنوری ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس، اشرف علی مدرس ستوش تحصیل بلاسپور کی رخصت آٹھ روز بوجہ علالت بعوض محمد افضل ساکن بشیری منظور کی گئی۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۲ر جنوری ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس سے مختیار علی مدرس مدرسہ کھودپورہ پرگنہ حضور تحصیل کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۲ر جنوری ۱۹۲۶ء سے آخر مارچ ۱۹۲۶ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۲ر جنوری ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس سے چھوٹے نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بعلاقہ تحصیل سوار کی ملازمت غیر مستقل میں ۲۶ر جنوری ۱۹۲۶ء سے آخر مارچ ۱۹۲۶ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ترمیم

۱۸ر جنوری ۱۹۲۶ء

بذریعہ روبکار مورخہ ۲۲ر دسمبر ۱۹۲۵ء مدارس شہر کی تعطیلات بوجہ تیاری امتحان ملتوی کی گئی ہیں اسوقت نقشہ تعطیلات سال رواں تیار نہ تھا اس لئے عام حکم دیا گیا تھا۔ اب اس حکم میں ترمیم کیجاتی ہے۔ مدارس شہر میں ۱۸ر جنوری ۱۹۲۶ء اور یکم فروری اور ۶ر فروری اور ۱۶ر فروری و ۱۷ر فروری ۱۹۲۶ء کی تعطیلات حسب معمول دیجائیں لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام جاری کئے جائیں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

محمد شفیق مدرس مڈل نے عین وقت امتحان استعفا پیش کیا ہے۔ اور اسکا کام نہایت خراب ہے۔ لہذا درخواست استعفا نامنظور ہو کر نامبردہ یکم جنوری ۱۹۲۶ء سے بوجہ خرابی کام برخاست کیا گیا۔ بنابراں

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے منظر حسن خان انگلش ٹیچر جو بالفعل مدرسہ مڈل میں کام کر رہے ہیں اپنی موجودہ تنخواہ پر ۲۰ر جنوری ۱۹۲۶ء سے مستقل کئے گئے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

بوجہ ہونے مجنون سید احمد مدرس کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل کی رخصت دو ماہ بوضع تنخواہ ۱۵ر جنوری ۱۹۲۶ء سے منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۹ جنوری ۱۹۲۶ء

حسب سفارش جناب ڈائرکٹر صاحب مدرسہ عالیہ منشی سعادت علیخان مدرس چہارم فارسی کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اور مولوی گل محمد مدرس ہشتم عربی کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۹ جنوری ۱۹۲۶ء

منشی احمد حسین مدرس اول مقبرہ جناب عالیہ کی تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار میں تین روپیہ ماہوار اور منشی کوثر حسین مدرس دوم مقبرہ جناب عالیہ کی تنخواہ دس روپیہ ماہوار میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ جات

۱۹ جنوری ۱۹۲۶ء

حسب سفارش جناب ڈائرکٹر صاحب مدرسہ عالیہ حافظ محمد نبی و حافظ فدا حسین و حافظ محمد یوسف و حافظ احمد و حافظ وحید الرحمن مدرسین مدرسہ غوثیہ کی موجودہ تنخواہ دس دس روپیہ ماہوار میں ایک ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۰ جنوری ۱۹۲۶ء

چونکہ محمد کبیر خان مدرس سیفنی نانکار کا کام خراب ہے اور طرز عمل بھی لڑکوں کے ساتھ اچھا نہیں ہے۔ لہذا نامبردہ برخاست کیا گیا۔ بنابران

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ جنوری ۱۹۲۶ء

منشی احمد حسین کی رخصت تین ماہ بعوض مسعود احمد ولد منشی شرافت حسین منظور کی گئی۔ مسعود احمد کو پندرہ روپیہ تنخواہ ملیگی۔ باقی رقم سیاہہ سرکار ہوگی لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۰ جنوری ۱۹۲۶ء

سید احمد مدرس کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل کو بوجہ مجنون ہونے کے دو ماہ کی رخصت دی گئی ہے بجائے سید احمد مذکور اسکے ایام رخصت میں مسمے وارث علی خان مڈل پاس کا تقرر بمبلغ گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس منظور کیا گیا۔ لہذا حکم ہوا کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ جنوری ۱۹۲۶ء

حسب سفارش پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ مولوی محمد یوسف مدرس ششم عربی مدرسہ عالیہ کی رخصت یکماہ منظور کی گئی منجملہ اسکے دس یوم کی رخصت عایتی ہوگی اور باقی ایام کی بوضع تنخواہ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۱۷ جنوری لغایت ۲۳ جنوری ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۵۰ار			۶ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			۷۰ار			۷ار	
نخود کتہ آمیز			۷۰ار			۶۰ار	
کتہ			۸ار			۷۰ار	
ماش			۶ار			۵ار	
مونگ			۵۰ار			۵ار	
مکا			۸ار			۸ار	
جئی			۰			۱۰ار	
گوجئی			۰			۷ار	
عدس			۰			۶ار	
ارہر			۰			۸ار	
برنج			۵۰ار			۶ار	
روغن زرد			۱۱۰ار			۰ار	
روغن سیاہ			۱ار			۱۰ار	
روغن کنجد			۱۰ار			۱ار	
نمک سانبھر			۱۲ار			۱۲ار	
نمک لاہوری			۶ار			۸ار	
قند سیاہ			۷ار			۶ار	
باجرہ			۵ار			۷ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور